NOTIFICATION OF TESTING AND RETEST PERMISSION FORM
State Assessments, Grades 3-8
For Parents without SIS ParentVue Account

عزیز والدین اور سرپرست:

گریڈ 3-8 کے طلبا و طالبات ہر سال ریاستی اسیسمنٹس میں حصہ لیتے ہیں ۔ ریاستی اسیسمنٹس اس بات کی جانچ کرتے ہیں کہ طالبعلم ریاستی معیارات کیسے سیکھ رہے ہیں ۔ ریاستی اسیسمنٹس کا فارمیٹ اور نظام الاوقات گریڈ لیول اور مواد کے شعبہ کے لحاظ سے تبدیل ہوتا ہے، جیسا کہ نیچے جدول میں بیان کیا گیا ہے ۔ اس میں درج ذیل شامل ہیں:

- اسپرنگ اسٹینڈرڈز آف لرننگ (SOL) پڑھنے، ریاضی ، اور سائنس کے معیاری ٹیسٹ ، بشمول ایک مربوط ریڈنگ اینڈ رائٹنگ (IRW) جزو؛
- سائنس ، اور معاشرتی علوم میں کلاس روم کی تدریس کے حصے کے طور پر مکمل ہونے والی جاری مقامی متبادل اسیسمنٹس (LAAs)؛
- ریاضی اور مطالعہ میں کلاس روم کی تدریس کے حصے کے طور پرمکمل ہونے والی SOL سے ہم آہنگ ترقی کی اسیسمنٹس

گریڈ	**SOL امتحان لیے جانے والے مضامین (بہار)**	**LAA امتحان لیے جانے والے مضامین (جاری)**	**ترقی امتحان لیے جانے والے مضامین (خزاں ، سرما ، بہار)**
3	مطالعہ ، ریاضی	سائنس ، معاشرتی علوم	میتھ اور مطالعہ
4	مطالعہ ، ریاضی	معاشرتی علوم	میتھ اور مطالعہ
5	سائنس ، IRW کیساتھ مطالعہ ، ریاضی	*قابل اطلاق نہیں*	میتھ اور مطالعہ
6	مطالعہ ، ریاضی	معاشرتی علوم	میتھ اور مطالعہ
7	مطالعہ ، ریاضی	معاشرتی علوم	میتھ اور مطالعہ
8	سائنس ، IRW کیساتھ مطالعہ ، ریاضی	معاشرتی علوم	میتھ اور مطالعہ

ان اسیسمنٹس سے متعلق، مزید معلومات درج ذیل ویب پیج پر ملاحظہ کی جاسکتی ہیں: *ایلیمنٹری اور مڈل اسکولوں میں SOL ٹیسٹ* (https://www.fcps.edu/node/42716) ۔ گریڈ لیول ٹیسٹس کا ویب پیج (https://www.fcps.edu/node/50045) ڈویژن بھر میں اسیسمنٹ کے شیڈول اور فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) میں ہر مطلوب اسیسمنٹ کیلئے رپورٹنگ طریقہ کار کے متعلق گریڈ لیول کے مطابق معلومات فراہم کرتا ہے ۔ اسکول کا عملہ مخصوص تاریخوں کی اطلاع دینے کے لیے، آپ سے رابطہ کرے گا، جن میں آپ کے بچے کو معیاری SOL اسیسمنٹس کے لیے، شیڈول کیا گیا ہے ۔ اگر آپ ریاستی اسیسمنٹس سے متعلق ، سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو اپنے طالبعلم کے استاد / استانی یا اسکول ٹیسٹ کوآرڈینیٹر سے رابطہ کیجیئے ۔

SOL والدین/ سرپرست کا اجازت نامہ فارم برائے دوبارہ امتحان

ورجینیا بورڈ آف ایجوکیشن، ایلیمنٹری اور مڈل اسکول کے ان طلباء کو، جو موسم بہار کے اسٹینڈرڈ آف لرننگ SOL ٹیسٹوں میں معمولی مارجن سے فیل (SOL) ہو جاتے ہیں ، تعلیمی سال کے ختم ہونے سے پہلے، دوبارہ ٹیسٹ دینے کی اجازت دیتا ہے ۔ دوبارہ ٹیسٹنگ اس وقت دستیاب ہوتی ہے، جب طالبعلم 375-399 کے اسکور کے ساتھ ، SOL میں اپنی پہلی کوشش میں ناکام ہو جاتا ہے ۔ (SOL ٹیسٹس کے لیے، 400 کا اسکور پاسنگ اسکور سمجھا جاتا ہے ۔) *نوٹ کیجیئے کہ گریڈ 5 اور گریڈ 8 کے SOL ریڈنگ ٹیسٹ کے مربوط ریڈنگ اینڈ رائٹنگ (IRW) جزو کے لیے دوبارہ ٹیسٹ نہیں لیے جاتے* ۔ دوبارہ ٹیسٹ نہ لینے کا فیصلہ ، آپ کے بچے کے کورس گریڈ یا تعلیمی ریکارڈ پر اثر نہیں ڈالے گا ۔

گریڈ 3-8 کے کسی بھی طالبعلم کے ٹیسٹ دوبارہ لینے کے لیے، والدین یا سرپرست کی اجازت درکار ہوتی ہے ۔ **اگر آپ یہ سمجھتے ہیں کہ آپ کے طالبعلم کو موسم بہار کے SOL ٹیسٹ میں اپنے علم اور مہارت کا اظہار کرنے کے لیے، ایک دوسرا موقع ملنا فائدہ مند ثابت ہوسکتا ہے تو یہ اجازت نامہ مکمل کر کے اسکول واپس بھیج دیجیئے ۔**

ہدایات: یہ اجازت نامہ اپنے بچے کے ٹیچر یا اسکول کے ٹیسٹ کوآرڈینیٹر کو________________________ سے پہلے پہلے واپس بھیج دیجیئے ۔ گریڈ 3-8 کے ہر طالبعلم کو یہ فارم لازماً واپس بھیجنا چاہیئے ۔

طالبعلم کانام______________________________________ FCPS آئی ڈی #_______________ گریڈ لیول________

والد یا والدہ/ سرپرست کا نام (جلی حروف میں) ____

والد یا والدہ/ سرپرست کے دستخط ________________________________ تاریخ _______________ _______________

______ جی نہیں، میرے بچہ کا دوبارہ ٹیسٹ مت لیجیئے، اگر اس کا SOL کا اسکور 375 اور 399 کے درمیان ہے۔ میں سمجھتا / سمجھتی ہوں کہ یہ فیصلہ ، میرے بچے کے کورس گریڈ یا تعلیمی ریکارڈ پر اثر *نہیں* ڈالے گا ۔

______ جی ہاں ، میرے بچہ کو موسم بہار کے کوئی بھی SOL ٹیسٹ دوبارہ لینے کا موقع دیجیئے اگر اس کا اسکور 375 اور 399 کے درمیان ہے ۔

______ جی ہاں ، میرے بچہ کو موسم بہار کے مندرجہ ذیل SOL ٹیسٹ دوبارہ لینے کا موقع دیجیئے ، اگر اس کا اسکور 375 اور 399 کے درمیان ہے (طالبعلم کے گریڈ لیول پر دستیاب SOL شعبہ مضامین کیلئے درج بالا جدول ملاحظہ کیجیئے):

____